قیمت تین روپیہ پچاس نئے پیسے۔ پتہ: اردو مجلس۔ اردو ہال۔ حمایت نگر حیدرآباد۔

یہ اُردو مجلس حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ ہے۔ جو دو برس سے نکل رہا ہے۔ زیر تبصرہ نمبر ۱۹۶۰ئہ کے ماہ اپریل و جولائی کا مشترکہ شمارہ ہے۔ اس میں اردو مجلس کے زیر اہتمام اس کی مختلف نشستوں میں جو مقالات نثر و نظم پڑھے جاتے ہیں اُن کے علاوہ بیرونی ادیبوں کے رشحاتِ قلم بھی اشاعت پذیر ہوتے ہیں۔ رسالہ میں غزلوں نظموں اور افسانوں کے علاوہ ہلکے پھلکے ادبی مضامین بھی ہوتے ہیں جو دلچسپ بھی ہوتے ہیں اور معلومات افزا بھی۔ تبصروں کا حصّہ خاصہ طویل ہے لیکن اب سہ ماہی رسالہ کو معیار اور ضخامت کے اعتبار سے اور بلند پایہ ہونا چاہیئے۔

اُردو نامہ۔ مرتبہ جوش ملیح آبادی و شان الحق صاحب حقی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۷۵ صفحات ٹائپ بہتر۔ قیمت سالانہ تین روپے۔ پتہ: دفتر ترقی اردو بورڈ۔ شاہراہ مینشل پارک۔ ڈرگ روڈ۔ کراچی - ۲۹

ترقی اُردو بورڈ کراچی کو دو برس ہوئے حکومتِ پاکستان نے اردو کی ترویج و ترقی کے منصوبے بنانے اور اُن کو عمل میں لانے کی غرض سے قائم کیا ہے اور اس وقت اس کے سامنے سب سے اہم کام ایک جامع لغت جو نیو انگلش ڈکشنری کے طرز کا ہو اُس کی ترتیب و تدوین ہے۔ چنانچہ اس کا کام بڑی سرگرمی اور باضابطگی کے ساتھ انجام پا رہا ہے۔ اردو نامہ اسی بورڈ کا سہ ماہی آرگن ہے اور چونکہ اس وقت اُردو لغت کی ترتیب پیش نظر ہے اس لئے اس کی مناسبت سے اُردو زبان و لغت کے مختلف مسائل و مباحث پر ہی مثلاً "اصول ترتیب الفاظ" "اردو املا" "اصولیات" وغیرہ پر بڑے کارآمد اور فکر انگیز مضامین شامل ہیں۔ ان کے علاوہ فرہنگ آصفیہ کے مولف مولوی سید احمد دہلوی پر بھی ایک مقالہ ہے جو خاصا دلچسپ ہے۔ ڈاکٹر ابو اللیث کے قلم سے "ٹائپ مشین کا معیاری کلید بورڈ" بھی اپنی نوعیت کا پہلا مضمون ہے۔ پھر نظموں، نوادر اور تبصروں اور مراسلات کا حصّہ بھی دلچسپ اور مفید ہے۔ اس طرح یہ مجلّہ فنی بھی ہے اور اردو زبان و لغت کے عام مسائل کا حامل بھی۔ زبان کے طلبار کو خصوصًا اور عام اہلِ ذوق کو عمومًا اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

جامعہ اسلامیہ۔ مرتبہ مولانا راحت گل تقطیع کلاں ضخامت ۴۸ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ سالانہ چندہ ع ۔ پتہ: ناظم نشریات جامعہ اسلامیہ اکوڑہ خٹک (پاکستان)